ساؔحر لدھیانوی

(1921 – 1980)

ساؔحر کا اصل نام عبدالحئی تھا وہ ساؔحر لدھیانوی کے نام سے مشہور ہوئے۔ لدھیانہ (پنجاب) میں پیدا ہوئے۔ زمانۂ طالب علمی ہی سے شعر کہنے لگے تھے۔ 1936 میں ترقی پسند تحریک شروع ہوئی۔ اس تحریک سے وابستہ ہونے والوں میں ساؔحر بھی شامل تھے۔ 1947 میں تقسیم ملک کے بعد دہلی چلے آئے پھر تلاش معاش میں ممبئی پہنچے، جہاں انھوں نے فلموں کے لیے گیت لکھے۔ ساؔحر نے اپنی شاعری سے ہندوستانی فلموں میں گانوں کے معیار کو بہت بلند کیا۔ اپنے زمانے کے وہ سب سے مشہور گیت کار تھے۔ ان کے فلمی گیتوں میں بھی ان کی شاعری کی تمام خوبیاں موجود ہیں۔ عوام کے دکھ درد کا احساس اور ماحول کی کشمکش کا اثر ان گیتوں میں نمایاں ہے۔ ''تلخیاں'' ان کی شاعری کا پہلا مجموعہ ہے۔ اس کے بہت سے ایڈیشن شائع ہوئے۔ ''آؤ کہ کوئی خواب بُنیں'' بھی ان کی شاعری کا معروف مجموعہ ہے۔ ''گاتا جائے بنجارہ'' میں ساؔحر کے فلمی گیت یکجا کر دیے گئے ہیں۔ ساؔحر کی ''پرچھائیاں'' اردو کی طویل نظموں میں ایک خاص حیثیت رکھتی ہے۔

© NCERT not to be republished

5022CH19

اے شریف انسانو!

خون اپنا ہو یا پرایا ہو — نسلِ آدم کا خون ہے آخر
جنگ مشرق میں ہو کہ مغرب میں — امنِ عالم کا خون ہے آخر

بم گھروں پر گریں کہ سرحد پر — روحِ تعمیر زخم کھاتی ہے
کھیت اپنے جلیں کہ غیروں کے — زیست فاقوں سے تِلملاتی ہے

ٹینک آگے بڑھیں کہ پیچھے ہٹیں — کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے
فتح کا جشن ہو کہ ہار کا سوگ — زندگی میّتوں پہ روتی ہے

© NCERT not to be republished

جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے
آگ اور خون آج بخشے گی
جنگ کیا مسئلوں کا حل دے گی
بھوک اور احتیاج کل دے گی

اس لیے اے شریف انسانو!
آپ اور ہم سبھی کے آنگن میں
جنگ ٹلتی رہے تو بہتر ہے
شمع جلتی رہے تو بہتر ہے

(ساحرؔ لدھیانوی)

© NCERT not to be republished

مشق

- **معنی یاد کیجیے:**

نسلِ آدم : آدم کی نسل، تمام انسان
مشرق : پورب
مغرب : پچھّم
فتح : جیت
احتیاج : ضرورت
عالَم : دنیا
روحِ تعمیر : تعمیر کا جذبہ، زندگی کو بنانے، سنوارنے کی خواہش
زیست : زندگی
جشن : خوشی کی تقریب، چہل پہل

غور کیجیے:

☆ جنگ سے بربادی اور تباہی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ جنگ انسانی ترقّی اور خوش حالی کی دشمن ہے۔

سوچیے اور بتائیے:

1۔ ''روحِ تعمیر'' کے زخم کھانے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
2۔ دھرتی کی کوکھ بانجھ ہونے سے کیا مطلب ہے؟
3۔ شاعر نے جنگ کو امنِ عالم کا خون کیوں کہا ہے؟

عملی کام:

☆ اس نظم میں اپنا ، پرایا، مشرق، مغرب وغیرہ متضاد الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ ایسے ہی کچھ لفظوں کی فہرست بنائیے۔
☆ جنگ کے نقصانات پر مختصر مضمون لکھیے۔

© NCERT not to be republished